**25.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ حکومت نے مغربی ایشیا تنازعے پر بات چیت کرنے کیلئے آج شام کُل پارٹی میٹنگ طلب کی ہے۔

☆ مرکز نے کہا ہے کہ LPG سلنڈر کی بکنگ کیلئے مقررہ اوقات میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

☆ امریکہ نے ایران کے ساتھ جنگ ختم کرنے کیلئے 15 نکاتی منصوبے کی تجویز دی ہے۔ اِس دوران تہران نے خلیجی ملکوں پر حملوں کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔

☆ وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے زور دے کر کہا ہے کہ حکومت روزگار اور مجموعی ترقی کو فروغ دینے کیلئے MSMEs، کسانوں اور امدادِ باہمی کے اداروں کوبااختیار بنارہی ہے۔

☆ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے لوک سبھا کو بتایا کہ کووڈ کے بعد ایک ہزار سے زیادہ نئی ٹرینیں شروع کی گئی ہیں۔

☆ بنگلہ دیش میں نہتے لوگوں پر ہونے والی فوجی کارروائی کے متاثرین کو یاد کیا جارہا ہے۔

☆ اور...... پہلے کھیلو انڈیا قبائلی گیمز آج رائے پور میں شروع ہو رہے ہیں۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Govt All Party Meeting**

حکومت نے مغربی ایشیا میں جاری تنازعے پر تبادلۂ خیال کرنے کیلئے آج شام ایک کُل پارٹی میٹنگ بلائی ہے۔ یہ میٹنگ پارلیمنٹ کمپلیکس میں منعقد ہوگی۔ پارلیمنٹ کے احاطے میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر پرہلادجوشی نے کہا کہ حکومت نے اپوزیشن پارٹیوں کے ساتھ موجودہ صورتحال پر بات چیت کرنے کیلئے یہ میٹنگ طلب کی ہے۔ اُنھوں نے کہاکہ بحران کے وقت اپوزیشن کو بھی تعمیری رول ادا کرنا چاہئے، لیکن بدقسمتی سے اپوزیشن اِس معاملے پر سیاست کررہی ہے۔

**S/B: Prahlad Joshi**

ریپبلکن پارٹی آف انڈیا (A) کے سربراہ اور مرکزی وزیر رام داس اٹھاولے نے کہا کہ میٹنگ کے دوران مغربی ایشیا کے بحران پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا جائے گا اور سب کو اپنے خیالات پیش کرنے چاہئیں۔×

**S/B: Ramdas Athawale**

**LPG Fake News Debunk**

حکومت نے پردھان منتری اُجولا یوجنا PMUY کے تحت LPG کی رِفل بکنگ کی مدت کو بڑھاکر 45 دن کرنے سے متعلق

دعوے کرنے والی خبروں اور سوشل میڈیا پوسٹ کو خارج کردیا ہے۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا کہ ایسی خبریں اور سوشل میڈیا پوسٹ بھی آ رہے ہیں جن میں غیر PMUY ایک سلینڈر کی مدت 25 دن اور غیر PMUY دو سلینڈر کی مدت 35 دن مقرر کرنے کا دعویٰ بھی کیا جا رہا ہے۔
وزارت نے وضاحت کی کہ اِس طرح کی کوئی بھی تبدیلی ابھی تک نہیں کی گئی ہے۔ اُس نے مزید کہا کہ موجودہ رِفل بکنگ کی مدت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے اور کنکشن کی قسم سے قطع نظر شہری علاقوں میں 25 دن اور دیہی علاقوں میں 45 دن رہے گی۔
حکومت نے پھر اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ ملک میں LPG کا کافی ذخیرہ موجود ہے۔ اور اس بات پر زور دیا کہ اِس سلسلے میں فکر کرنے کی کوئی بات نہیں ہے۔x

## BPCL HPCL Fuel

بھارت پیٹرولیم اور ہندوستان پیٹرولیم نے کہا ہے کہ ملک بھر میں ایندھن کی فراہمی میں کوئی کمی نہیں ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دونوں کمپنیوں نے کہا کہ LPG، خام تیل ، پیٹرول، ڈیزل اور ہوائی جہازوں کے ایندھن کا مناسب مقدار میں ذخیرہ موجود ہے اور سپلائی چینج بلا رکاوٹ اِس کی فراہمی انجام دے رہی ہے۔ انھوں نے اس بات کی بھی وضاحت کی کہ کچھ علاقوں میں پیٹرول اور ڈیزل کی کمی کے سلسلے میں جو افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں وہ پوری طرح غلط ہیں۔
پیٹرولیم کمپنیوں نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ پریشان نہ ہوں اور ایندھن کی غیر ضروری خرید نہ کریں۔

## West Asia Conflict

ایران نے اسرائیل پر تازہ حملے کئے ہیں اور خلیجی ملکوں پر حملوں کے نئے سلسلے کا آغاز کیا ہے۔ مغربی ایشیا تنازع آج 26ویں روز میں داخل ہوگیا ہے۔ یہ حملے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیانات کے بعد ہورہے ہیں، جس میں اُنہوں نے کہا کہ امریکہ جنگ کو ختم کرنے کیلئے مذاکرات کی کوششوں کو آگے بڑھا رہا ہے اور اِس سلسلے میں 15 نکاتی منصوبہ ایران کو بھیجا گیا ہے۔ اِس منصوبے میں ایران سے اپنے تین اہم نیوکلیائی مراکز کو بے اثر کرنے، اپنی سرزمین پر یورینیم کی افزودگی ختم کرنے اور اپنے بیلسٹک میزائل پروگرام کو مؤخر کرنے کی بات کہی گئی ہے۔ اِس کے بدلے ایران پر عائد تمام جوہری پابندیوں کو ہٹالیا جائے گا۔ اِس دوران اسرائیلی فورسز نے جنوبی لبنان میں اپنی کارروائی تیز کردی ہیں اور سرحد سے متصل طویل مدتی سکیورٹی منصوبے کا عندیہ دیا ہے۔

## LS Finance Bill

مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ حکومت MSMEs، کسانوں اور امدادِ باہمی کے اداروں کو بااختیار بنارہی ہے۔ کیونکہ یہ روزگار پیدا کرنے، پیداوار کرنے اور مجموعی طور پر ملک کی ترقی کے مرکز میں ہیں۔ محترمہ سیتارمن آج لوک سبھا میں مالیاتی بل 2026 پر بحث کا جواب دے رہی تھیں۔ اِس بل کا مقصد مالی برس 2026-27 کیلئے مرکزی حکومت کی مالی تجاویز کی حمایت کرنا ہے۔ محترمہ سیتارمن نے کہا کہ حکومت بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے، الیکٹرانک سازوسامان کی مینوفیکچرنگ، سمندری پروڈکٹس، چمڑے، اہم معدنیات اور نیوکلیائی توانائی سمیت دیگر کلیدی شعبوں کو مدد فراہم کررہی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک ریفارم ایکسپریس پر سوار ہے۔
محترمہ سیتارمن نے بتایا کہ یہ مالیاتی بل متوسط طبقے پر توجہ مرکوز کرتا ہے اور حکومت نے زندگی بچانے والی 17 اہم دواؤں پر

بنیادی کسٹم محصول کی چھوٹ دی ہے۔

**LS Railway**

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ کووڈ کے بعد سے ملک میں ایک ہزار 24 نئی ریل گاڑیاں متعارف کرائی گئی ہیں۔ آج لوک سبھا میں وقفہٗ سوالات میں ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے، جناب ویشنو نے کہا کہ، اس کے ساتھ ساتھ، موجودہ ریل گاڑیوں میں چار ہزار 651 نئے Coaches بھی جوڑے گئے ہیں۔

**Byte: Ashwini Vaishnaw**

انھوں نے کہا کہ، ریلوے غریب اور متوسط طبقے کے لوگوں کے ٹرانسپورٹ کا ذریعہ ہے اور حکومت انھیں ٹرانسپورٹ کی بلا رکاوٹ اور کفایتی خدمات فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ ریل گاڑیوں میں 78 فیصد سیٹیں جنرل اور Sleeper زمروں کے لیے ہیں۔

جناب ویشنو نے مطلع کیا کہ ریلوے جعلسازی اور دھوکہ دہی کو روکنے کیلئے مختلف اقدامات کر رہا ہے تاکہ مسافروں کے لئے ٹکٹ بکنگ کی منصفانہ اور شفاف سہولت کو یقینی بنایا جا سکے۔

انھوں نے کہا کہ تین کروڑ سے زیادہ IRCTC کے فرضی کھاتوں کو بند کردیا گیا ہے۔ ریلوے کی سیکیورٹی کے موضوع پر وزیر موصوف نے کہا کہ سیکیورٹی پر زیادہ توجہ کی وجہ سے ریلوے کے حادثوں میں 90 فیصد تک کی آئی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ ایک لاکھ 20 ہزار کروڑ روپے ریلوے کی سیکیورٹی پر خرچ کئے جا رہے ہیں۔x

**RLS Foreign Contribution Bill**

امورِ داخلہ کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے آج لوک سبھا میں غیرملکی امداد سے متعلق ضوابط ترمیمی بل 2026 پیش کیا۔ اِس بل کا مقصد غیرملکی امداد سے متعلق ضوابط ایکٹ 2010 میں مزید ترمیم کرنا ہے۔ بل پیش کرتے ہوئے جناب رائے نے کہا کہ اِس بل کا مقصد غیرملکی تعاون کو زیادہ شفاف اور جوابدہ بنانا ہے۔x

**Lok Sabha Solar Energy**

نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلادجوشی نے کہا ہے کہ ملک میں سولر ماڈیول مینوفیکچرنگ کی صلاحیت میں کافی اضافہ ہوا ہے اور UPA دورِحکومت کے دوران یہ صلاحیت صرف تین گیگاواٹ تھی، جو اب بڑھ کر 172 گیگاواٹ ہوگئی ہے۔ لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران جواب دیتے ہوئے اُنھوں نے کہا کہ سولر سیل مینوفیکچرنگ کی صلاحیت UPA کے دورِحکومت میں صفر تھی، جو اب بڑھ کر 27 گیگاواٹ ہوگئی ہے۔ موجودہ حکومت اور سابقہ UPA سرکار کے دوران موازنہ کرتے ہوئے وزیرموصوف نے کہا کہ UPA سرکار کے دوران مجموعی طور پر شمسی ذرائع سے بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت صرف دو اعشاریہ آٹھ گیگاواٹ تھی، جو اب بڑھ کر 144 گیگاواٹ ہوگئی ہے۔x

**Bangladesh Genocide Day**

بنگلہ دیش کے وزیر اعظم طارق رحمٰن نے آج نسل کُشی کے دن کو یاد کرن کے موقعے پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ 25 مارچ 1971 کو مارے گئے لوگوں کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔ جناب طارق رحمٰن نے اس بات کا تذکرہ کیا کہ کس طرح پاکستان کی قابض فورسز نے آپریشن سرچ لائٹ کے نام پر بنگلہ دیشیوں کو موت کے گھاٹ اُتارا تھا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ آزادی پسند بنگلہ دیش کی تاریخ میں 25 مارچ 1971 کا دن سب سے شرمناک اور وحشیانہ دنوں میں سے ایک ہے۔ جناب رحمٰن نے کہا کہ اُس تاریک رات میں پاکستان کی قابض فوج نے بنگلہ دیش کے نہتے لوگوں کے خلاف تاریخ میں سب سے وحشیانہ نسل کُشی میں سے ایک نسل کُشی کا ارتکاب کیا تھا۔x

**Khelo India**

پہلے کھیلو انڈیا قبائلی گیمز آج چھتیس گڑھ میں شروع ہو رہے ہیں، جو اگلے مہینے کی 3 تاریخ تک جاری رہیں گے۔ اس میں 7 کھیلوں میں مقابلے ہوں گے۔

پہلے کھیلو انڈیا قبائلی گیمز کا باضابطہ آغاز آج رائے پور میں ہوگا۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا اِن کھیلوں کا افتتاح کریں گے۔ اس موقعے پر چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی بھی موجود رہیں گے۔ اِن کھیلوں کے انعقاد کا مقصد ملک کے قبائلی خطّوں کے نوجوانوں کو قومی سطح کا پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، تاکہ اُنہیں کھیلوں کے شعبوں میں اپنی صلاحیت کی مناسبت سے موقعے مل سکیں۔

کھیلو انڈیا قبائلی گیمز ریاست کے تین شہروں رائے پور، جگدل پور اور امبیکا پور میں ہوں گے۔ ملک کی تقریباً 30 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 3 ہزار سے زیادہ قبائلی اَتھلیٹس اور اہلکار اِن کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں۔x

**S&P India Growth**

S&P Global کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا میں جاری جغرافیائی و سیاسی صورتحال کے باوجود مالی سال 2026-27 میں بھارت کی اقتصادی ترقی کے سات اعشاریہ ایک فیصد پر برقرار رہنے کی توقع ہے۔ اپنی تازہ ترین اکونومک Out Look رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت تیزی سے ترقی کرنے والی معیشتوں میں شامل رہے گا، جسے مضبوط گھریلو طلب، مستحکم برآمدات اور نجی سرمایہ کاری میں بتدریج بحالی کی حمایت حاصل ہے۔

رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ایشیا بحرالکاہل کی ترقی برقرار ہے، بھارت دیگر بڑی معیشتوں کے ساتھ ایک اہم کلیدی محرک کے طور پر ابھر رہا ہے۔ x

**Crude Oil**

خام تیل کے عالمی بازار میں آج صبح، Brent Crude Futures سات فیصد گر کر 97 امریکی ڈالر 18 سینٹ فی بیرل کی سطح پر آ گیا، جبکہ امریکی WTI خام تیل چھ فیصد سے زیادہ گر کر 86 اعشاریہ نو سات امریکی ڈالر اور 72 سینٹ فی بیرل پر گر گیا۔x

**BJP TMC**

BJP کے صدر نتن نبین آج مغربی بنگال کے کولکاتا میں ایک تنظیمی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اُنہوں نے کل ایک میٹنگ میں ریاست میں انتخابی مہم کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا اور سیاسی چکرویوہ تیار کرنے کی ہدایت دی۔ BJP کے صدر ریاست کے دو روزہ دورے پر کل کولکاتا پہنچے۔

دوسری جانب ترنمول کانگریس کی صدر اور وزیراعلیٰ ممتا بنرجی آج تین سیاسی ریلیوں سے خطاب کریں گی۔x

## Punjab BJP Governor

بھارتیہ جنتا پارٹی کی پنجاب شاخ نے پنجاب اسٹیٹ ویئرہاؤسنگ کارپوریشن کے ضلع منیجر Dr Gagandeep Singh رندھاوا کی خودکشی کے معاملے میں CBI تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے گورنر گلاب چند کٹاریہ کو ایک میمورنڈم پیش کیا ہے۔ ڈاکٹر رندھاوا نے مبینہ طور پر اپنے آخری ویڈیو بیان میں ٹرانسپورٹ کے سابق وزیر لال جیت سنگھ Bhullar کو خودکشی کا ذمہ دار ٹھہرایا تھا۔×

## Punjab AAP MLA Arrested

پنجاب پولیس نے عام آدمی پارٹی کے رُکن اسمبلی Harmeet سنگھ پٹھان ماجرا کو گرفتار کیا ہے، جو 6 ماہ سے زیادہ کے عرصے سے گرفتاری سے بچ رہے تھے۔ پٹیالہ کے سینئرسپرنٹنڈنٹ آف پولیس وَرون شرما نے پٹیالہ پولیس ٹیم کے ذریعے اُن کی گرفتاری کی تصدیق کی ہے۔ پولیس کافی عرصے سے جدید تکنیکی ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے اُن کا سراغ لگا رہی تھی۔ عدالت نے اُنہیں سنگین الزامات کے تحت مفرور قرار دیا تھا، جن میں عصمت دری، دھوکہ دہی اور مجرمانہ سرگرمیاں شامل ہیں۔ وہ مبینہ طور پر جرائم انجام دینے اور اِس سلسلے میں پٹیالہ میں کیس درج ہونے کے بعد ستمبر 2025 سے فرار تھے۔ اُن کے خلاف لُک آؤٹ نوٹس بھی جاری کیا گیا تھا۔ وہ پچھلے دو دن کے دوران گرفتار ہونے والے پنجاب کے دوسرے MLA ہیں۔
اُن سے پہلے خودکشی کے ایک معاملے میں ٹرانسپورٹ کے سابق وزیر لال جیت بھُلّر کو گرفتار کیا گیا تھا۔×

☆☆☆☆☆